بسم الله الرحمن الرحيم

# مکّہ

# و

# مدینہ


نام کتاب : مکّہ ومدینہ

ناشر : الصراط ٹورس

تعداد : ۵۰۰

سنہ طباعت : اگست ۲۰۰۵ء

پتہ : حضرت عباس اسٹریٹ، ڈونگری، ممبئی-۹۔

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | مدینہ منورہ کے اماکن متبرکہ اور مساجد | ۱۳ |
| ۞ | (۱) مسجد النبیؐ | ۱۳ |
| ۞ | مسجد کی مقدّس و اہم جگہیں | ۱۳ |
| ۞ | (۲) قبرستان بقیع | ۱۵ |
| ۞ | (۳) مسجد قُبا | ۱۵ |
| ۞ | (۴) اُمّ ابراہیم کا مشربہ اور مسجد فضیخ یا ردّ شمس | ۱۵ |
| ۞ | (۵) مسجد المائۃ | ۱۵ |
| ۞ | (۶) قبرستانِ اُحد | ۱۶ |
| ۞ | (۷) مسجد العسکر اور مسجد ثنایا رسول اللہؐ | ۱۶ |
| ۞ | (۸) مساجد سبعہ | ۱۶ |
| ۞ | (۹) مسجد ذوالقبلتین | ۱۷ |
| ۞ | (۱۰) مسجد عمامہ یا مصلی النبیؐ | ۱۷ |
| ۞ | (۱۱) مسجد حضرت علیؑ و مسجد حضرت زہراؑ | ۱۷ |





| | | |
|---|---|---|
| ۞ | (۱۲) مسجد مباہلہ | ۱۷ |
| ۞ | (۱۳) مسجد شجرہ | ۱۷ |
| ۞ | (۱۴) مسجد معرّس | ۱۸ |
| ۞ | (۱۵) محلّہ بنی ہاشم | ۱۸ |
| ۞ | (۱۶) چند مساجد اور بھی ہیں | ۱۸ |
| ۲۔ | مدینۂ منوّرہ اور مسجد نبویؐ کے مستحبات | ۱۹ |
| ۳۔ | مسجد قُبا | ۲۲ |
| ۞ | اعمالِ مسجد قبا | ۲۴ |
| ۴۔ | مسجد ذو قبلتین | ۲۵ |
| ۵۔ | مسجد فتح (مسجد احزاب) | ۲۸ |
| ۶۔ | مسجد اجابہ میں دعا | ۲۹ |
| ۷۔ | مدینہ منوّرہ کے اعمال | ۳۱ |
| ۸۔ | رسولؐ، فاطمہؑ اور ائمہؑ بقیع کی زیارت کی فضیلت | ۳۱ |
| ۞ | زیارت کے لئے اذنِ باریابی | ۳۵ |
| ۹۔ | رسول اکرمؐ کی پہلی زیارت | ۳۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۞ | نماز زیارت اور اس کے بعد کی دعا | ۴۳ |
| ۱۰۔ | رسول اکرمؐ کی دوسری زیارت | ۴۴ |
| ۱۱۔ | مسجد نبویؐ کے بعض مستحبات | ۵۸ |
| ۱۲۔ | روضۂ مبارکہ مسجد میں دعا | ۵۸ |
| ۞ | ستون توبہ کے پاس نماز و دعا | ۶۱ |
| ۞ | مسجد نبویؐ و مدینۂ منورہ میں روزہ رکھنا مستحب ہے | ۶۲ |
| ۞ | مقام جبرئیلؑ کے پاس نماز و دعا | ۶۳ |
| ۱۳۔ | جنت البقیع قبرستان | ۶۸ |
| ۞ | جنت البقیع کی تاریخ | ۶۹ |
| ۞ | جنت البقیع : مورخین کی نظر میں | ۷۰ |
| ۞ | جنت البقیع کا پہلا انہدام | ۷۲ |
| ۞ | وہابیوں کا دوسرا حملہ | ۷۴ |
| ۞ | ہندوستانی مسلمانوں کی طرف سے احتجاج | ۷۶ |
| ۞ | دیگر ممالک میں احتجاج | ۷۷ |
| ۞ | چند دیگر منہدم قبور و روضوں کی فہرست | ۷۸ |





| | | |
|---|---|---|
| ۱۴۔ | زیارت حضرت فاطمہ زہراؑ | ۷۹ |
| ۞ | حضرت فاطمہ علیہا السلام کی پہلی زیارت | ۸۰ |
| ۞ | حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی دوسری زیارت | ۸۷ |
| ۞ | جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پر صلوات | ۸۸ |
| ۱۵۔ | زیارت ائمہ بقیع علیہم السلام | ۸۹ |
| ۞ | زیارت امام حسنِ مجتبیٰ علیہ السلام | ۹۴ |
| ۞ | زیارت امام زین العابدین علیہ السلام | ۹۵ |
| ۞ | زیارت امام محمد باقر علیہ السلام | ۹۷ |
| ۞ | زیارتِ امام جعفر صادق علیہ السلام | ۹۹ |
| ۞ | صلوات امام حسن بن علی المجتبیٰ علیہ السلام | ۱۰۰ |
| ۞ | صلوات امام زین العابدین علیہ السلام | ۱۰۱ |
| ۞ | صلوات امام محمد باقر علیہ السلام | ۱۰۲ |
| ۞ | صلوات امام جعفر صادق علیہ السلام | ۱۰۳ |
| ۞ | زیارت عباس بن عبد المطلبؓ | ۱۰۳ |
| ۞ | زیارت فاطمہ بنت اسد علیہا السلام | ۱۰۴ |

| | | |
|---|---|---|
| ۞ | زیارت ازواجِ رسولؐ | ۱۰۷ |
| ۞ | زیارت جناب عقیل و جناب عبداللہ بن جعفر طیّار | ۱۰۷ |
| ۞ | زیارت ابراہیم بن رسول اللہؐ | ۱۰۹ |
| ۞ | بقیع میں اُحد اور واقعہ حرّہ کے شہیدوں کی زیارت | ۱۱۲ |
| ۞ | زیارتِ اسمٰعیل بن جعفر صادقؑ | ۱۱۳ |
| ۞ | زیارتِ حلیمہ سعدیہؓ | ۱۱۵ |
| ۞ | رسول اکرمؐ کی پھوپھیوں کی زیارت | ۱۱۶ |
| ۞ | زیارتِ امّ البنینؑ - والدہ حضرت عباسؑ | ۱۱۷ |
| ۞ | زیارت اہل قبور | ۱۱۸ |
| ۞ | رسولؐ کے والد حضرت عبداللہؑ کی زیارت | ۱۱۹ |
| ۞ | حضرت حمزہؓ اور دیگر شہداء اُحد کی زیارت کی فضیلت | ۱۲۰ |
| ۞ | شہداء اُحد کی زیارت | ۱۲۵ |
| ۞ | زیارتِ وداع رسولِ اکرمؐ | ۱۲۸ |
| ۞ | زیارت وداعِ ائمہ بقیع علیہم السلام | ۱۳۲ |
| ۱۶۔ | مکہ مکرّمہ کے متبرک اماکن | ۱۳۳ |





| | | |
|---|---|---|
| ۞ | حدود حرم | ۱۳۳ |
| ۞ | شہر مکّہ کی بعض مساجد | ۱۳۴ |
| ۞ | ۱۔ مسجد الجن | ۱۳۴ |
| ۞ | ۲۔ مسجد الرایہ | ۱۳۴ |
| ۱۷۔ | مسجد الحرام اور خصوصیات کعبہ | ۱۳۵ |
| ۞ | ارکانِ کعبہ | ۱۳۶ |
| ۞ | رکن مشرقی | ۱۳۶ |
| ۞ | رکن غربی | ۱۳۶ |
| ۞ | رکن جنوبی | ۱۳۶ |
| ۞ | حجر اسود | ۱۳۷ |
| ۞ | ملتزم | ۱۳۷ |
| ۞ | مستجار | ۱۳۷ |
| ۞ | ناودانِ رحمت | ۱۳۷ |
| ۞ | حطیم | ۱۳۷ |
| ۞ | حجر اسماعیل | ۱۳۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۞ | مقام ابراہیم علیہ السلام | ۱۳۹ |
| ۞ | زمزم | ۱۳۹ |
| ۞ | صفا و مروہ | ۱۴۰ |
| ۞ | شق القمر اور کوہِ ابوقبیس پر دعا | ۱۴۰ |
| ۞ | حضرتِ خدیجہ علیہا السلام کا گھر | ۱۴۲ |
| ۞ | ارقم بن ابی ارقم کا گھر | ۱۴۳ |
| ۞ | شعبِ ابی طالب | ۱۴۳ |
| ۞ | رسول اکرمؐ کی جائے ولادت | ۱۴۴ |
| ۞ | غارِ حراء | ۱۴۵ |
| ۞ | غارِ ثور | ۱۴۵ |
| ۞ | عرفات | ۱۴۶ |
| ۞ | مزدلفہ (مشعر الحرام) | ۱۴۷ |
| ۞ | منیٰ | ۱۴۷ |
| ۞ | مسجد خیف | ۱۴۸ |
| ۱۸۔ | اعمال و آدابِ مکّہ مکرّمہ | ۱۴۹ |





| | | |
|---|---|---|
| ۞ | حج اسلام کی نظر میں | ۱۴۹ |
| ۞ | حج میں دعا پر توجہ | ۱۵۱ |
| ۱۹۔ | مکہ مکرّمہ کے اعمال و مستحبات | ۱۵۶ |
| ۲۰۔ | اعمال و آدابِ حج | ۱۵۸ |
| ۞ | عمرۂ تمتّع کے واجبات | ۱۵۸ |
| ۞ | عمرہ مفردہ کے واجبات | ۱۵۹ |
| ۲۱۔ | مکّہ مکرّمہ جانے والے کا میقات | ۱۵۹ |
| ۲۲۔ | واجباتِ احرام | ۱۶۰ |
| ۲۳۔ | مستحباتِ احرام | ۱۶۲ |
| ۲۴۔ | محرّماتِ احرام | ۱۶۴ |
| ۲۵۔ | حرم میں داخل ہونے کے مستحبات | ۱۶۶ |
| ۲۶۔ | مستحبات طواف | ۱۷۳ |
| ۞ | اشواطِ طواف کی دعا | ۱۷۶ |
| ۞ | پہلے چکّر کی دعا | ۱۷۷ |
| ۞ | دوسرے چکّر کی دعا | ۱۷۷ |

| | | |
|---|---|---|
| ۞ | تیسرے چکّر کی دعا | ۱۷۸ |
| ۞ | چوتھے چکر کی دعا | ۱۷۹ |
| ۞ | پانچویں چکّر کی دعا | ۱۷۹ |
| ۞ | چھٹے چکّر کی دعا | ۱۸۰ |
| ۞ | ساتویں چکّر کی دعا | ۱۸۰ |
| ۲۷۔ | نمازِ طواف کے مستحبات | ۱۸۱ |
| ۲۸۔ | سعی کے مستحبات | ۱۸۳ |
| ۲۹۔ | عمرہ کی تقصیر کے آداب | ۱۹۰ |
| ۳۰۔ | حج کی قسمیں | ۱۹۱ |
| ۞ | ۱۔حج تمتّع | ۱۹۱ |
| ۞ | ۲۔حج افراد | ۱۹۱ |
| ۞ | ۳۔حج قران | ۱۹۱ |
| ۳۱۔ | حج تمتّع کے واجبات | ۱۹۲ |
| ۳۲۔ | عرفات میں وقوف تک احرام حج کے مستحبات | ۱۹۳ |
| ۳۳۔ | شبِ عرفہ کے مستحبات اور اعمال | ۱۹۵ |





| | | |
|---|---|---|
| ۞ | دعائے شب عرفہ | ۱۹۵ |
| ۳۴۔ | عرفات میں وقوف کے مستحبات | ۲۰۹ |
| ۞ | عرفات میں وقوف کی دعائیں | ۲۰۹ |
| ۳۵۔ | دعائے امام حسین بروزِ عرفہ | ۲۱۵ |
| ۳۶۔ | دعائے امام زین العابدینؑ بروز عرفہ | ۲۴۷ |
| ۳۷۔ | عرفہ کے دن امام حسینؑ کی زیارت | ۲۷۰ |
| ۳۸۔ | مشعر الحرام میں وقوف کے مستحبات | ۲۸۳ |
| ۳۹۔ | رمیٔ جمرات کے مستحبات | ۲۸۵ |
| ۴۰۔ | آدابِ قربانی | ۲۸۷ |
| ۴۱۔ | سر منڈانے اور تقصیر کے مستحبات | ۲۸۹ |
| ۴۲۔ | منٰی کے مستحبات | ۲۸۹ |
| ۴۳۔ | مسجد خیف کے مستحبات | ۲۹۰ |
| ۴۴۔ | مکہ معظّمہ سے واپسی کے مستحبات | ۲۹۱ |
| ۴۵۔ | طوافِ وداع | ۲۹۲ |
| ۴۶۔ | کعبہ میں داخل ہونے کے مستحبات | ۲۹۴ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۷۔ | مکہ مکرّمہ کے مزارات کی زیارت | ۳۰۲ |
| ❁ | مکہ مکرّمہ کے مزاروں کے بارے میں مختصر وضاحت | ۳۰۲ |
| ❁ | قبرستان ابوطالب | ۳۰۲ |
| ❁ | رسول اکرمؐ کے جد حضرت عبدمناف کی زیارت | ۳۰۲ |
| ❁ | پیغمبر اکرمؐ کے جدّ عبدالمطلبؑ کی زیارت | ۳۰۴ |
| ❁ | رسول اکرمؐ کے چچا اور امیر المؤمنینؑ کے والد حضرت ابوطالبؑ کی زیارت | ۳۰۶ |
| ❁ | رسول اکرمؐ کی والدہ آمنہ بنتِ وہب کی زیارت | ۳۰۶ |
| ❁ | ام المؤمنین حضرت خدیجہ خویلد علیہا السلام کی زیارت | ۳۰۷ |
| ❁ | قبرستانِ ابوطالبؑ میں فرزند رسول اکرمؐ حضرت قاسمؑ کی زیارت | ۳۰۸ |
| ❁ | شہداء فخ کے مزار | ۳۰۹ |
| ❁ | حجر اسماعیل | ۳۱۰ |
| ❁ | حجر اسماعیل میں زیارت حضرت اسماعیلؑ و ہاجرہؑ | ۳۱۱ |





| | | |
|---|---|---|
| ❁ | حجر اسماعیل میں تمام انبیاء کی زیارت | ۳۱۳ |
| ۴۸۔ | مکہ اور مدینہ کے درمیان اماکن مقدّسہ | ۳۱۵ |
| ❁ | مسجد غدیر خم | ۳۱۶ |
| ❁ | حضرت آمنہؑ ابواء میں | ۳۱۶ |
| ❁ | ربذہ میں جناب ابوذر غفاریؓ کی زیارت | ۳۱۶ |
| ۴۹۔ | شہداء بدر کی زیارت | ۳۱۸ |
| ۵۰۔ | اعمال ذی الحجہ (دس دن کے اعمال) | ۳۲۰ |
| ❁ | ذی الحجہ کی ساتویں | ۳۲۷ |
| ❁ | آٹھویں کا دن | ۳۲۷ |
| ❁ | نویں شب | ۳۲۷ |
| ❁ | نویں کا دن | ۳۲۷ |
| ❁ | دسویں کی شب | ۳۲۸ |
| ❁ | دسویں کا دن | ۳۲۹ |
| ۵۱۔ | اعمال عید غدیر، ۱۸ ذی الحجہ | ۳۲۹ |
| ۵۱۔ | روز مباہلہ، ۲۴ ذی الحجہ | ۳۳۹ |

# مدینہ منورہ کے اماکن متبرکہ اور مساجد

مدینہ منورہ میں اسلامی آثار و عمارات اتنی زیادہ ہیں کہ اُن کی وضاحت و خصوصیات کے لئے ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہے۔ اس لئے ہم کتاب ادعیہ و زیارات پر اکتفا کرتے ہیں اور اماکن کے تعارف سے چشم پوشی کرتے ہیں لیکن اِن میں سے بعض کے اسماء و مستحبات کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

## (۱) مسجد النّبیؐ

یہ مسجد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدرِ اسلام کے مسلمانوں کے تعاون سے تعمیر ہوئی۔ آنحضرتؐ کے زمانہ میں اِس کا رقبہ شمال سے جنوب کی طرف ۳۵ میٹر اور مشرق سے مغرب کی سمت ۳۰ میٹر تھا۔ اس کی عمارت میں خرمے کے دس ستون لگے تھے۔ ہجرت کے ساتویں سال فتح خیبر کے بعد رسولؐ نے اِس کی توسیع کی۔

### مسجد کی مقدّس و اہم جگہیں

الف۔ حجرۂ مطہرہ: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حجرہ مطہّرہ طول میں ۱۶اور عرض میں ۱۵ میٹر ہے۔ اس پر ایک گنبد ہے جسے ’قبۃ الخضراء‘ کہتے



ہیں۔

ب۔ منبر رسولؐ: ۵ ہجری میں رسول اکرمؐ کے لئے تین زینوں کا ایک منبر بنایا گیا۔ رسولؐ تیسرے زینہ پر تشریف فرما ہوتے اور لوگوں سے خطاب کرتے تھے۔

ج۔ محراب: رسول اکرمؐ اور خلفاء کے زمانہ میں مسجد النبیؐ میں محراب نہیں تھی، عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ میں رسولؐ کے مصلّی کی جگہ محراب بنائی گئی جو اَب محراب النبیؐ کے نام سے مشہور ہے۔

د۔ روضۂ منوّرہ

ھ۔ مسجد کے وہ ستون جو کہ توبہ یا ابولبابہ، حنّانہ، مہاجرین، سریر اور مخلّقہ کے نام سے مشہور ہیں۔

و۔ مقام جبرئیل

ز۔ مقام اصحاب صفّہ

ح۔ محراب تہجّد

ط۔ خانۂ حضرت فاطمہ علیہا السلام

## (۲) قبرستان بقیع

اس قبرستان میں چار معصوم امام، یعنی امام حسن علیہ السلام، امام زین العابدین علیہ السلام، امام محمد باقر علیہ السلام، امام جعفر صادق علیہ السلام اور بہت سے صحابہ، رسولؐ کی ازواج، آپؐ کے بیٹے ابراہیم اور اسلام کے بہت سے بافضیلت مرد و عورت دفن ہیں۔

## (۳) مسجد قُبا

سب سے پہلی مسجد جو تقوے کی اساس پر رسولؐ کے دست مبارک سے مدینہ میں تعمیر ہوئی وہ مسجد قُبا ہے۔

## (۴) اُمّ ابراہیم کا مشربہ اور مسجد فضیح یا ردّ شمس

یہ بھی مسجد قبا کے نزدیک ہے۔

## (۵) مسجد المائۃ

مسجد قبا سے مدینہ کے راستہ پر ہے۔



## (۶) قبرستانِ اُحد

یہاں سید الشہداء جناب حمزہؑ اور جنگ اُحد میں شہید ہونے والے دیگر شہداء مدفون ہیں۔

## (۷) مسجد العسکر اور مسجد ثنایا رسول اللہؐ

یہ بھی اُحد ہی میں ہے۔

## (۸) مساجد سبعہ

یہ مسجدیں اُس جگہ تعمیر کی گئی ہیں جہاں جنگ احزاب (خندق) ہوئی تھی اُن کے اسماء یہ ہیں۔

۱۔ مسجد فتح　　۲۔ مسجد علیؑ

۳۔ مسجد سلمانؓ　　۴۔ مسجد فاطمہؑ

۵۔ مسجد ابوبکر　　۶۔ مسجد عمر

## (۹) مسجد ذوالقبلتین

قبلہ اِسی مسجد میں تبدیل ہوا تھا۔ مسلمان پہلے مسجد اقصیٰ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے تھے۔ اب اُن کا فریضہ ہے کہ وہ کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھیں۔

## (۱۰) مسجد عمامہ یا مصلی النبیؐ

## (۱۱) مسجد حضرت علیؑ و مسجد حضرت زہراؑ

یہ دونوں مناخہ میں ایک دوسرے سے نزدیک ہیں۔

## (۱۲) مسجد مباہلہ

جہاں یہ مسجد ہے وہاں رسول اکرمؐ — علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ اور حسینؑ کے ساتھ — نصاریٰ نجران سے مباہلہ کے لئے آئے تھے۔

## (۱۳) مسجد شجرہ

یہ اہل مدینہ اور ان لوگوں کا میقات ہے جو مدینہ سے بیت اللہ الحرام کے



حج وزیارات کے لئے جاتے ہیں۔

## (۱۴) مسجد معرّس

اس مسجد میں نماز پڑھنے اور استراحت وآرام کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

## (۱۵) محلّہ بنی ہاشم

اس جگہ امام زین العابدین علیہ السلام، امام صادق علیہ السلام اور ذرّیت رسولؐ کے گھر تھے۔ جو حرم کی توسیع کی بنا پر منہدم کر دیئے گئے۔

## (۱۶) چند مساجد اور بھی ہیں

جیسے: مسجد ابوذرؓ، مسجد نفسِ زکیہ، مسجد ظفر، مسجد سُقیا، مسجد مسجد، مسجد غزالہ یا مسجد منصرف، مسجد بنی سالم، مسجد بنی قریظہ اور مسجد الرایۃ وغیرہ۔

مستحب ہے کہ اِن تمام مساجد میں دو رکعت نماز تحیت پڑھے، اپنے اور دوسروں کے لئے دعا کرے۔ اِن اماکن میں سے بعض کے مخصوص اعمال و مستحبات ہیں، جنھیں ہم اختصار کے ساتھ بیان کرر ہے ہیں۔

# مدینۂ منوّرہ اور مسجد نبویؐ کے مستحبات

۱۔ مدینہ منوّرہ و مسجد نبویؐ میں داخل ہونے اور ائمہ بقیعؑ کی زیارت کے لئے غسل کرنا۔ ایک ہی غسل میں سب کی نیت کرسکتا ہے۔

۲۔ مدینہ منوّرہ میں قیام: صاحب جواہر کہتے ہیں کہ مدینۂ منورہ کی سکونت و مجاورت کے استحباب میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس بات پر شہیدؒ نے دروس میں اجماع کا دعویٰ کیا ہے۔

سمہودی نے مالک بن انس— مالکیوں کے امام— سے نقل کیا ہے کہ اُن سے پوچھا گیا: آپ کے نزدیک مدینہ میں سکونت بہتر ہے یا مکہ میں؟ انہوں نے کہا: مدینہ، اور مدینہ کیوں زیادہ محبوب نہ ہو کہ وہاں کوئی ایسا راستہ نہیں ہے جس سے رسولؐ نہ گذرے ہوں اور جبرئیل نازل نہ ہوئے ہوں۔

۳۔ مستحب ہے کہ انسان حاجت برآری کے قصد سے مدینۂ منوّرہ میں تین روزے رکھے، بہتر ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے، نیز مستحب ہے کہ بدھ کی رات میں ستون ابولبابہ کے نزدیک اور

۱۹

جمعرات میں اُس کے مقابل والے ستون کے قریب نماز پڑھے اور جمعہ کی شب اور دن میں محرابِ رسولؐ سے قریب والے ستون کے پاس نماز پڑھے اور پروردگار عالم سے اپنی حاجتیں طلب کرے اور رسولؐ کی زیارت کے بعد نقل ہونے والی دعا پڑھے۔

۴۔ مستحب ہے کہ مدینہ میں قیام کے دوران ایک سے زیادہ قرآن ختم کرے، خصوصاً مسجد نبویؐ میں قرآن پڑھے۔

۵۔ اپنی استطاعت کے مطابق مسجد نبویؐ میں صدقہ دینا مستحب ہے۔ مرحوم مجلسیؒ نے روایت کی ہے کہ مدینہ میں ایک درہم صدقہ دینا دوسری جگہ ہزار درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔ بنابر این برادرانِ دینی— خصوصًا سادات اور ذریّت رسولؐ— کی مدد کرنے میں کوتاہی نہیں کرنا چاہئیے۔

۶۔ اپنے چال چلن میں محتاط رہے، وقت کو غنیمت سمجھے اور جہاں تک ہو سکے نماز پڑھے، خصوصًا مسجد نبویؐ میں نماز پڑھے کہ مسجد نبویؐ میں ایک رکعت نماز مسجد الحرام کے علاوہ دیگر مساجد کی ہزار رکعتوں کے برابر ہے اور نماز بجالانے کے لئے بہترین جگہ روضۂ رسولؐ ہے۔

۲۰

۷۔ مسجد میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت درود بھیجے۔

۸۔ مسجد میں داخل ہوتے ہی دو رکعت نماز تحیّت بجالائے۔

۹۔ والدین برادرانِ ایمانی اور آشنا افراد کی طرف سے رسولؐ کی زیارت پڑھے۔

۱۰۔ زیارت کے بعد جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے۔ دو رکعت نمازِ زیارت بجالائے اور اُس کا ثواب رسولؐ کو ہدیہ کرے۔

۱۱۔ رسولؐ کے مرقدِ مطہر کے پاس کھڑے ہو کر خدا کی حمد و ثنا اور دعا کرے۔

۱۲۔ مقام جبرئیلؑ پر نماز پڑھے اور دعا مانگے۔

۱۳۔ جہاں تک ممکن ہو محرابِ رسولؐ میں نماز پڑھے۔

۱۴۔ مسجد میں آواز بلند نہیں کرنا چاہیئے۔

۱۵۔ ستون ابولبابہ کے پاس دو رکعت نماز پڑھے اور دعا مانگے۔

۱۶۔ رسول اکرمؐ کے روضۂ مبارک میں اور اسی طرح خانۂ فاطمۂ زہرا سلام اللہ علیہا میں نماز پڑھنا اور دعا کرنا مستحب ہے، اور اگر مذکورہ جگہوں پر گنجائش نہ ہو تو اُن سے قریب ترین جگہ پر نماز و دعا پڑھے۔



# مسجد قُبا

رسول اکرمؐ نے بروز دوشنبہ ۱۲/ربیع الاوّل کو مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی اثنائے راہ میں قُبا گاؤں میں— جو کہ مدینہ کے جنوب میں ۵ کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے— داخل ہوئے اور جمعہ تک وہیں قیام کیا، تاکہ اس مدت میں حضرت علی علیہ السلام مکہ میں لوگوں تک وہ امانتیں پہنچا دیں جو کہ رسول اکرمؐ کے پاس تھیں اور دیگر امور کی انجام دہی کے بعد رسولؐ کے اہل وعیال کے ہمراہ آپؐ سے ملحق ہو جائیں اور دوسری طرف اہل مدینہ بھی رسولؐ کے استقبال کے لئے تیار ہو جائیں۔ آنحضرتؐ نے اِس چار دن کے قیام میں مسلمانوں کے تعاون سے ایک مسجد تعمیر کی، اس کی زمین قُبا والوں نے ہدیہ کی۔ رسول اکرمؐ نے اپنے نیزہ کی نوک سے اُس کے حدود معین کئے۔ کہتے ہیں: اس کا ہر ضلع ۶۶ گز تھا۔

اِس مسجد کے بنانے میں دیگر لوگوں کی طرح رسولؐ بھی شریک تھے، پتھر وغیرہ اٹھا کر لاتے اور سب کے برابر کام کرتے تھے۔ بعض لوگ کہتے ہے کہ آپؐ ایک طرف تشریف رکھئے، ہمیں حکم دیتے رہیئے، فرماتے تھے:

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ یَعْمُرُ الْمَسَاجِدَا

یَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ قَائِمًا وَ قَاعِدًا

**جو مسجد تعمیر کرتا ہے اور قیام وقعود کے ساتھ اس میں قرآن پڑھتا ہے وہ کامیاب ہے۔**

سورۂ توبہ کی ۱۰۸ ویں آیت اسی مسجد کے بارے میں نازل ہوئی ہے:

لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ، فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَتَطَهَّرُوْا وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ۔

مسجد قُبا کی بارہا تجدید وتوسیع ہوئی ہے، کہ مسلمانوں کی نظر میں اس کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ ہر دوشنبہ کو رسول خداؐ مسجد قُبا تشریف لے جاتے اور نماز بجالاتے تھے۔ آپؐ ہی سے منقول ہے

**جو شخص اپنے گھر سے وضو کر کے مسجد قُبا جائے اور دو رکعت نماز بجا لائے اُس کے لئے ایک عمرہ کا ثواب لکھا جاتا ہے۔**

نیز امام صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے:

**اطرافِ مدینہ کی مساجد اور مشاہد میں جاؤ تو پہلے مسجد قُبا جاؤ اور جہاں تک ہو سکے وہاں نماز پڑھو۔**



# اعمالِ مسجد قبا

داخل ہو کر دو رکعت نمازِ تحیت بجالائے۔ پھر تسبیح فاطمۂ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھے۔ اور زیارتِ جامعہ پڑھے اِس کے بعد دعا مانگے، بہتر ہے کہ اِس طرح دعا مانگے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ فِى كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ عَلٰى صَدْرِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ: 'لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ، فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَتَطَهَّرُوْا وَ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ' اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنَ النِّفَاقِ وَ اَعْمَالَنَا مِنَ الرِّيَا وَ فُرُوْجَنَا مِنَ الزِّنَا وَ اَلْسِنَتَنَا مِنَ الْكِذْبِ وَ الْغِيْبَةِ وَ اَعْيُنَنَا مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِى الصُّدُوْرُ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ۔

اِس مسجد کے پیچھے حضرت علی علیہ السلام کی ایک منزل تھی اور سامنے کھارا

پانی کا ایک کنواں تھا۔ آج اُس کا کہیں نام ونشان نہیں ہے۔

کہتے ہیں کہ اِس کنویں میں رسولؐ کی انگوٹھی گر پڑی تھی، اِس لئے اسے 'چاہ انگشتر' کہتے ہیں۔ نیز 'چاہ آبِ دھان' کے نام سے مشہور ہے۔ منقول ہے کہ آپؐ نے اِس کنویں میں اپنا لعاب دہن ڈال دیا تھا جس سے اُس کا پانی میٹھا ہوگیا تھا۔

قابل توجّہ بات یہ ہے کہ ۹ ہجری میں منافقین کے ایک گروہ نے ایک مسجد تعمیر کی تا کہ اُس میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازش کر سکیں۔ رسولؐ سے اُس کا افتتاح کرنے اور تبرّک کے طور پر اُس میں نماز پڑھنے کی درخواست کی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کسی مناسب موقع پر یہ کام انجام دوں گا۔ لیکن آیت...... وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّ كُفْرًا...... کے نزول سے منافقین کے منصوبہ پر پانی پھر گیا اور رسولؐ نے اُس کے منہدم کرنے کا حکم دیدیا۔

## مسجد ذو قبلتین

۱ر ہجری کے چھٹے مہینے میں ام بشر کی دعوت پر رسولؐ مدینہ کے شمال غربی میں قبیلہ بنی سالم میں تشریف لے گئے اور حسب معمول ظہر کی دو رکعت نماز بیت



المقدس کی جانب رخ کر کے ادا کی، کہ خدا کی طرف سے کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم پہنچا تو آپؐ نے باقی نماز کعبہ کی سمت رخ کر کے ادا کی۔ اُس کے بعد کعبہ ہمیشہ کے لئے مسلمانوں کا قبلہ ہوگیا اور اِسی بنا پر اِس مسجد کو ذو قبلتین یا مسجد قبلتین کہتے ہیں۔ یہ مسجد، مسجدِ فتح کے مغربی سمت میں کچھ دور پر واقع ہے۔

اس سلسلہ میں جو آیات نازل ہوئی ہیں اُن میں سے ایک آیہ:

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ......۔

**اے رسولؐ ہم آپؐ کی نگاہیں آسمان کی طرف دیکھ رہے ہیں— کہ قبلہ کی تعیین کے سلسلہ میں حکم کے منتظر ہیں— اب ہم آپ کو اِس قبلہ کی طرف موڑ دیتے ہیں کہ جسے آپ پسند کرتے ہیں۔ آپ اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف موڑ لیجئے! جہاں بھی رہیئے اِسی کی طرف رخ کیجئے......**

اس مسجد میں پہلے ایک دوسرے کے بالمقابل دو محراب— شمالی وجنوبی —ایک کعبہ کی طرف دوسری بیت المقدس کی جانب تھی لیکن افسوس کہ چند سال

قبل جب اِس کی توسیع وتجدید کی گئی تو صرف ایک محراب باقی رکھی گئی اور اس عظیم واقعہ کے پہلے آثار محو کردیئے گئے۔

مسجد ذوقبلتین میں دو رکعت نماز تحیت پڑھنا مستحب ہے۔ بہتر ہے کہ نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا مَسْجِدُ الْقِبْلَتَيْنِ وَ مُصَلّٰى نَبِيِّنَا وَ حَبِيْبِنَا وَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ سَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ فِىْ كِتَابِكَ الْمُنْزَلِ عَلٰى صَدْرِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ: 'قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰيهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ' اَللّٰهُمَّ كَمَا بَلَّغْتَنَا فِى الدُّنْيَا زِيَارَتَهٗ وَ مَآثِرَهُ الشَّرِيْفَةَ فَلَا تُحْرِمْنَا يَا اَللّٰهُ فِى الْآخِرَةِ مِنْ فَضْلِ شَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَ سَلَّمَ وَ احْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهٖ وَ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَ اَمِتْنَا عَلٰى مَحَبَّتِهٖ وَ سُنَّتِهٖ وَ اسْقِنَا مِنْ حَوْضِهِ الْمَوْرِدِ



بِيَدِهِ الشَّرِيْفَةِ شُرْبَةً هَنِيْئَةً مَرِيْئَةً لَا نَظْمَأُ بَعْدَهَا اَبَدًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔

## مسجد فتح (مسجد احزاب)

سلع پہاڑ کے دامن میں چند چھوٹی چھوٹی مسجدیں ہیں جو کہ جنگِ خندق کے نقشہ کی نشاندہی کرتی ہیں۔ لشکر اسلام کا قیام اسی جگہ تھا۔ پھر اِسی جگہ ایک مسجد بنا دی گئی جو کہ مسجد فتح کے نام سے مشہور ہے، اِس کی وجہ تسمیہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ رسول اکرمؐ نے اس جگہ مسلمانوں کی فتح کے لئے دعا کی اور یہیں رسولؐ کو مسلمانوں کی کامیابی کی اطلاع ملی تھی۔

اسی جنگ میں حضرت علی بن ابی طالبؑ کے ہاتھوں عرب کا نامی پہلوان عمرو بن عبدود مارا گیا تھا۔ لکھا ہے کہ اس موقعہ پر رسولؐ نے فرمایا:

ضَرْبَةُ عَلِيٍّ يَوْمَ الْخَنْدَقِ خَيْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ الثَّقَلَيْنِ۔

**خندق کے دن علیؑ کی ضربت جن وانس کی عبادت سے افضل ہے۔**

مستحب ہے کہ دو رکعت نمازِ تحیت مسجد پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے۔

يَا صَرِيْخَ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَ يَا مُغِيْثَ الْمَهْمُوْمِيْنَ اِكْشِفْ عَنِّيْ ضُرِّيْ وَ هَمِّيْ وَ كَرْبِيْ وَ غَمِّيْ كَمَا كَشَفْتَ عَنْ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ هَمَّهٗ وَ كَفَيْتَهٗ هَوْلَ عَدُوِّهٖ وَ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

مسجد فتح کے قریب چند چھوٹی چھوٹی مسجدیں: مسجد علیؑ، مسجد فاطمہؑ، مسجد سلمانؓ، مسجد عمر اور مسجد ابوبکر ہیں۔ بہتر ہے کہ ہر مسجد میں دو رکعت نماز تحیت مسجد پڑھے۔

## مسجد اجابہ میں دعا

مسجد اجابہ ہی مسجد مباہلہ ہے۔ ۲۴/ ذی الحجہ کو اسی جگہ رسولؐ نے نصارائے نجران سے مباہلہ کیا تھا۔ مسجد کے احاطہ میں دو رکعت نماز تحیت کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ صَبْرَ الشَّاكِرِيْنَ لَكَ وَ عَمَلَ الْخَآئِفِيْنَ



مِنْكَ وَ يَقِيْنَ الْعَابِدِيْنَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ وَ اَنَا عَبْدُكَ الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ وَ اَنَا الْعَبْدُ الذَّلِيْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ امْنُنْ بِغِنَاكَ عَلٰى فَقْرِيْ وَ بِحِلْمِكَ عَلٰى جَهْلِيْ وَ بِقُوَّتِكَ عَلٰى ضَعْفِيْ يَا قَوِيُّ يَا عَزِيْزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

# مدینہ منوّرہ کے اعمال

## رسولؐ، فاطمہؑ اور ائمہؑ بقیع کی زیارت کی فضیلت

عام افراد خصوصاً حاجیوں کے لئے، مستحب موکد ہے کہ حضرت سید المرسلین، محمد بن عبداللہؐ کے روضہ کی زیارت سے مشرف ہوں اور آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا آپؐ کے حقوق میں جفا ہے۔

شیخ شہیدؒ فرماتے ہیں: ''اگر لوگ آنحضرتؐ کی زیارت کو نہ جائیں تو امام کے لئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کو آنحضرتؐ کی زیارت کے لئے جانے پر مجبور کرے۔ کیونکہ آنحضرتؐ کی زیارت نہ کرنا جفا کے برابر ہے جو حرام ہے۔''

شیخ صدوقؒ نے امام صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

**''جب تم میں سے کوئی حج کرے اسے چاہیئے کہ وہ اپنا حج ہماری زیارت پر ختم کرے۔ کیونکہ اسی سے حج مکمل ہوتا ہے،**

نیز امیر المؤمنینؑ سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

**اپنا حج رسولؐ کی زیارت پر تمام کرو، کیونکہ حج کے بعد آنحضرتؐ کی**



**زیارت نہ کرنا آپؐ پر جفا اور ادب کے خلاف ہے۔ تمہیں اس کا حکم دیا گیا ہے، اُن قبور کی زیارت کے لئے جاؤ جن کا خدا نے تم پر حقِ زیارت لازم قرار دیا ہے۔ ان ہی قبور کے پاس خدا سے روزی طلب کرو۔''**

ابو الصلت ہرویؒ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں عرض کی کہ آپؑ اِس روایت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں — جس کو لوگ بیان کرتے ہیں — کہ جنت میں مؤمنین اپنی اپنی جگہوں سے اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے۔ (حدیث کا صحیح مفہوم کیا ہے؟) امامؑ نے اُن کے جواب میں فرمایا:

**''اے ابو الصلت! حق تعالیٰ نے اپنے رسول حضرت محمدؐ کو اپنی تمام مخلوق — انبیاء و ملائکہ — سے افضل قرار دیا ہے اور اُن کی اطاعت کو اپنی اطاعت، اُن کی بیعت کو اپنی بیعت اور اُن کی زیارت کو اپنی زیارت کہا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے:**

مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰهَ۔

**یعنی جس نے رسولؐ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔**

(سورۃ نساء: آیت ۸۰)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ۔

**پیغمبرؐ جو لوگ تمہارے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں درحقیقت یہ اللہ کی بیعت ہے اور ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔**

(سورۂ فتح: آیت ۱۰)

رسول اکرمؐ نے فرمایا:

**''جس شخص نے میری حیات میں یا رحلت کے بعد میری زیارت کی گویا اُس نے خدا کی زیارت کی۔''**

حمیری نے 'قرب الاسناد' میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، آپؑ نے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا:

**''جس شخص نے میری حیات میں یا رحلت کے بعد میری زیارت کی، روز قیامت میں اُس کی شفاعت کروں گا۔''**

ایک حدیث میں آیا ہے کہ ایک عید کے موقع پر امام صادق علیہ السلام مدینہ میں تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے اور آنحضرتؐ کو سلام کیا اور فرمایا:



**''ہم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سبب ہر شہر کے باشندوں پر—خواہ مکہ ہو یا غیر مکہ—فضیلت وفوقیت رکھتے ہیں۔''**

مرحوم شیخ طوسی علیہ الرّحمہ نے 'تہذیب' میں یزید بن عبدالملک سے اور انہوں نے اپنے والد و دادا سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؑ نے مجھے سلام کرنے میں سبقت کی اور پھر دریافت کیا، کیوں آئے ہو؟ عرض کی: ثواب و برکت کی طلب میں آیا ہوں۔ فرمایا:

**مجھے میرے والد نے خبر دی ہے کہ جو شخص تین روز مجھے اور اُنھیں سلام کرے، خداوند اس کے لئے جنت واجب کردیتا ہے۔**

میں نے عرض کی: آپؑ اور ان کی حیات میں؟ فرمایا:

**ہاں اور اسی طرح ہمارے مرنے کے بعد۔**

علاّمہ مجلسیؒ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس سے معتبر حدیث میں منقول ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**''جو شخص بقیع میں، حسنؑ کی زیارت کرے گا وہ اُس روز صراط پر ثابت قدم رہے گا جس دن لوگوں کے قدم پھسلیں گے۔''**

'مقنعہ' میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے

فرمایا:

**”جوشخص میری زیارت کرے گا اُس کے گناہ بخشے جائیں گے اور فقر و پریشانی کی حالت میں نہیں مرے گا۔“**

ابن قولویہؒ نے ’کامل الزیارات‘ میں ہشام بن سالم کے توسط سے امام صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے، اس کے کچھ فقرے یہ ہیں:

ایک شخص امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہوا اور عرض کی: کیا آپؑ کے والد کی زیارت کرنا چاہیئے؟ فرمایا: ہاں۔ عرض کی: اُن کی زیارت کا کیا اجر ہے؟ فرمایا:

**زائر کے لئے جنت ہے بشرطیکہ وہ اُن کی امامت کا اعتقاد رکھتا ہو اور اُن کی متابعت کرتا ہو۔**

عرض کی: جو اُن کی زیارت سے اعراض کرتا ہے۔ اس کا کیا ہوگا؟ فرمایا:

**روزِ قیامت حسرت اس کا مقدر ہوگی......**

اِس سلسلہ میں اور بہت سی حدیثیں ہیں۔

## زیارت کے لئے اذنِ باریابی

مرحوم شیخ کفعمیؒ کہتے ہیں: جب تم مسجد نبوی یا ائمہ میں سے کسی کے حرم



میں داخل ہونے کا قصد کرو تو کہو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ بُیُوْتِ نَبِیِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَ قَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ یَّدْخُلُوْا اِلاَّ بِاِذْنِهٖ فَقُلْتَ یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لاَ تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلاَّ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ هٰذَا الْمَشْهَدِ الشَّرِیْفِ فِیْ غَیْبَتِهٖ كَمَآ اَعْتَقِدُهَا فِیْ حَضْرَتِهٖ وَ اَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ وَ خُلَفَآئَكَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اَحْیَآءٌ عِنْدَكَ یُرْزَقُوْنَ یَرَوْنَ مَقَامِیْ وَ یَسْمَعُوْنَ كَلاَمِیْ وَ یَرُدُّوْنَ سَلاَمِیْ وَ اَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِیْ كَلاَمَهُمْ وَ فَتَحْتَ بَابَ فَهْمِیْ بِلَذِیْذِ مُنَاجَاتِهِمْ وَ اِنِّیْ اَسْتَاذِنُكَ یَا رَبِّ اَوَّلاً وَّ اَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ ثَانِیًا وَ اَسْتَاذِنُ خَلِیْفَتَكَ الْاِمَامَ الْمَفْرُوْضَ عَلَیَّ طَاعَتُهٗ فُلاَنَ بْنَ فُلاَنٍ۔

فلاں بن فلاں کی جگہ اُس امام کا نام لے جس کی زیارت پڑھ رہا ہے۔

اسی طرح اُن کے والد کا نام بھی لے۔ مثلاً اگر امام حسینؑ کی زیارت پڑھے تو کہے الحسین بن علیؑ اور اگر امام رضاؑ کی زیارت پڑھے تو کہے: علی بن موسیٰ الرضاؑ اسی طرح باقی ائمہ کے لئے بھی کہے۔ اور اس کے بعد کہے:

وَ الْمَلآئِكَةَ الْمُوَكَّلِيْنَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ ثَالِثًا ئَاَدْخُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ئَاَدْخُلُ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ ئَاَدْخُلُ يَا مَلٰٓئِكَةَ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِيْنَ الْمُقِيْمِيْنَ فِيْ هٰذَا الْمَشْهَدِ فَاْذَنْ لِيْ يَا مَوْلاَيَ فِي الدُّخُوْلِ اَفْضَلَ مَآ اَذِنْتَ لِاَحَدٍ مِّنْ اَوْلِيَآئِكَ فَاِنْ لَمْ اَكُنْ اَهْلاً لِذٰلِكَ فَاَنْتَ اَهْلٌ لِذٰلِكَ۔

اس کے بعد حرم کے دروازہ کا بوسہ لے اور داخل ہو جائے اور کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَ ارْحَمْنِيْ وَ تُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔



# رسول اکرمؐ کی پہلی زیارت

جب مدینہ منورہ جائے تو پہلے غسلِ زیارت کرے۔ اذن باریابی کی دعا پڑھے اور باب جبرئیلؑ سے اندر جائے۔ پہلے دایاں پاؤں رکھے اور سو مرتبہ 'اَللّٰهُ اَكْبَرُ' کہے اور دو رکعت نماز تحیت بجالائے۔

حجرۂ شریف کے پاس جائے اور وہاں کھڑے ہو کر کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ فَصَلَوٰتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ رَحْمَتُهٗ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ۔

پھر اُس ستون کے پاس روبقبلہ کھڑا ہو جائے جو قبر کی دائیں جانب ہے

اس طرح زائر کے بائیں بازو کی طرف قبر اور دائیں بازو کی طرف منبر ہوگا اِس کے بعد کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَیْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَیْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتٰیكَ الْیَقِیْنُ فَصَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْكَ وَ رَحْمَتُهٗ وَ عَلٰی اَهْلِ بَیْتِكَ الطَّاهِرِیْنَ۔

ضریح مبارک کے ستون کے داہنی طرف کھڑے ہو جائے، چہرہ قبلہ کے طرف ہو، بایاں کندھا ضریح مبارک کی طرف، اور داہنا کندھا منبر کی طرف ہو اور پڑھے۔

اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِیْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَنَّكَ



مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالاَتِ رَبِّكَ وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰی اَتٰیكَ الْیَقِیْنُ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَ اَدَّیْتَ الَّذِیْ عَلَیْكَ مِنَ الْحَقِّ وَ اَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَی الْكَافِرِیْنَ فَبَلَّغَ اللّٰهُ بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَ الضَّلاَلَةِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَ صَلَوَاتِ مَلاۤئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَ اَنْبِیَاۤئِكَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ وَ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرَضِیْنَ وَ مَنْ سَبَّحَ لَكَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِیِّكَ وَ اَمِیْنِكَ وَ نَجِیِّكَ وَ حَبِیْبِكَ وَ صَفِیِّكَ وَ خَاصَّتِكَ وَ صَفْوَتِكَ وَ خِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ وَ اٰتِهِ

الْوَسِيْلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ وَ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهٖ
الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْا
اَنْفُسَهُمْ جَآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَ اِنِّيْ اَتَيْتُكَ مُسْتَغْفِرًا تَآئِبًا مِنْ
ذُنُوْبِيْ وَ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِيْ
ذُنُوْبِيْ۔

*اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے انشاءاللہ پوری ہوگی۔*

*پھر رسولِ اکرمؐ سے مخصوص یہ درود پڑھے:*

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا حَمَلَ وَحْيَكَ وَ بَلَّغَ
رِسَالَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَحَلَّ حَلَالَكَ وَ حَرَّمَ
حَرَامَكَ وَ عَلَّمَ كِتَابَكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَقَامَ
الصَّلٰوةَ وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ وَ دَعَا اِلٰى دِيْنِكَ وَ صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ كَمَا صَدَّقَ بِوَعْدِكَ وَ اَشْفَقَ مِنْ وَعِيْدِكَ وَ صَلِّ



عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا غَفَرْتَ بِهِ الذُّنُوْبَ وَ سَتَرْتَ بِهِ
الْعُيُوْبَ وَ فَرَّجْتَ بِهِ الْكُرُوْبَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا
دَفَعْتَ بِهِ الشَّقَآءَ وَ كَشَفْتَ بِهِ الْغَمَّآءَ وَ اَجَبْتَ بِهِ
الدُّعَآءَ وَ نَجَّيْتَ بِهٖ مِنَ الْبَلَآءِ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا
رَحِمْتَ بِهِ الْعِبَادَ وَ اَحْيَيْتَ بِهِ الْبِلَادَ وَ قَصَمْتَ بِهِ
الْجَبَابِرَةَ وَ اَهْلَكْتَ بِهِ الْفَرَاعِنَةَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا
اَضْعَفْتَ بِهِ الْاَمْوَالَ وَ اَحْرَزْتَ بِهٖ مِنَ الْاَهْوَالِ وَ كَسَرْتَ
بِهِ الْاَصْنَامَ وَ رَحِمْتَ بِهِ الْاَنَامَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا
بَعَثْتَهٗ بِخَيْرِ الْاَدْيَانِ وَ اَعْزَزْتَ بِهِ الْاِيْمَانَ وَ تَبَّرْتَ بِهِ
اَوْثَانَ وَ عَظَّمْتَ بِهِ الْبَيْتَ الْحَرَامَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ
اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِيْنَ الْاَخْيَارِ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا۔

## نماز زیارت اور اس کے بعد کی دعا

بس دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور اس کا ثواب حضرت رسول اکرمؐ کو ہدیہ کردے۔ نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ صَلَّیْتُ وَ رَکَعْتُ وَ سَجَدْتُ لَکَ وَحْدَکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لِاَنَّ الصَّلاَۃَ وَ الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ لاَ تَکُوْنُ اِلاَّ لَکَ لِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْتَ اَللّٰھُمَّ وَ ھَاتَانِ الرَّکْعَتَانِ ھَدِیَّۃٌ مِنِّیْ اِلٰی سَیِّدِیْ وَ مَوْلاَیَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ فَتَقَبَّلْھُمَا مِنِّیْ بِاَحْسَنِ قَبُوْلِکَ وَ اُجْرِنِیْ عَلٰی ذٰلِکَ بِاَفْضَلِ اَمَلِیْ وَ رَجَائِیْ فِیْکَ وَ فِیْ رَسُوْلِکَ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ۔



## رسول اکرمؐ کی دوسری زیارت

پہلی زیارت میں بیان ہونے والی ابتدائی چیزوں کو انجام دے سو مرتبہ 'اَللّٰہُ اَکْبَرُ' کہنے اور دو رکعت نماز تحیت پڑھنے کے بعد بالائے سر کی طرف حجرۂ شریف کی جانب رخ کر کے کھڑا ہوا اور کہے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ اَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَۃَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ وَ آتَیْتَ الزَّکٰوۃَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَھَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَ عَبَدْتَ اللّٰہَ مُخْلِصًا حَتّٰی اَتٰیکَ الْیَقِیْنُ فَصَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَ رَحْمَتُہٗ وَ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِکَ الطَّاھِرِیْنَ۔

پھر پڑھے:

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْلَ اللّٰہِ

اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا نَبِـيَّ الـلّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللّٰهِ
اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا رَحْمَةَ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ
اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا حَبِيْـبَ الـلّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا نَجِيْبَ
اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ
الْـمُـرْسَـلِيْـنَ اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَـا قَـآئِمًا بِالْقِسْطِ اَلسَّلاَمُ
عَـلَيْكَ يَـا فَـاتِحَ الْخَيْرِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْوَحْيِ وَ
التَّـنْـزِيْـلِ اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ يَا مُبَلِّغًا عَنِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ
اَيُّهَا السِّرَاجُ الْمُنِيْرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مُبَشِّرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ
يَـا نَـذِيْرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا مُنْذِرُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ
اَلَّـذِىْ يُسْتَـضَـآءُ بِـهٖ اَلسَّلاَمُ عَـلَيْكَ وَ عَـلٰـى اَهْلِ بَيْتِكَ
الـطَّيِّبِيْـنَ الطَّاهِرِيْنَ الْهَادِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ وَ
عَـلٰـى جَدِّكَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَ عَلٰى اَبِيْكَ عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلاَمُ
عَـلٰـى اُمِّكَ اٰمِـنَـةَ بِنْتِ وَهَبٍ اَلسَّلاَمُ عَلٰى عَمِّكَ حَمْزَةَ



سَيِّـدِ الشُّـهَـدَآءِ اَلسَّلاَمُ عَـلٰـى عَـمِّكَ الْـعَبَّـاسِ بْنِ عَبْدِ
الْمُطَّلِبِ اَلسَّلاَمُ عَلٰى عَمِّكَ وَ كَفِيْلِكَ اَبِيْطَالِبٍ اَلسَّلاَمُ
عَـلَـى ابْـنِ عَمِّكَ جَعْفَرِ الطَّيَّارِ فِىْ جِنَانِ الْخُلْدِ اَلسَّلاَمُ
عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا
حُـجَّةَ اللّٰهِ عَلَى الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَ السَّابِقَ اِلٰى طَاعَةِ
رَبِّ الْـعَالَمِيْنَ وَ الْمُهَيْمِنَ عَلٰى رُسُلِهٖ وَ الْخَاتَمَ الْاَنْبِيَآئِهٖ
وَ الشَّـاهِـدَ عَـلٰى خَلْقِهٖ وَ الشَّفِيْعَ اِلَيْهِ وَ الْمَكِيْنَ لَدَيْهِ وَ
الْـمُـطَـاعَ فِـىْ مَلَكُوْتِهٖ الْاَحْمَدَ مِنَ الْاَوْصَافِ الْمُحَمَّدَ
لِسَـآئِـرِ الْاَشْرَافِ الْكَرِيْمَ عِنْدَ الرَّبِّ وَ الْمُكَلَّمَ مِنْ وَّرَآءِ
الْـحُـجُبِ الْفَآئِزَ بِالسِّبَاقِ وَ الْفَآئِتَ عَنِ اللِّحَاقِ تَسْلِيْمَ
عَـارِفٍ بِحَقِّكَ مُعْتَرِفٍ بِالتَّقْصِيْرِ فِىْ قِيَامِهٖ بِوَاجِبِكَ غَيْرِ
مُـنْـكِـرٍ مَـا انْتَهٰى اِلَيْهِ مِنْ فَضْلِكَ مُوْقِنٍ بِالْمَزِيْدَاتِ مِنْ
رَّبِّكَ مُـؤْمِـنٍ بِـالْـكِتَـابِ الْمُنْزَلِ عَلَيْكَ مُحَلِّلٍ حَلاَلَكَ

مُحَرَّمٍ حَرَامَكَ اَشْهَدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَعَ كُلِّ شَاهِدٍ وَ
اَتَحَمَّلُهَا عَنْ كُلِّ جَاحِدٍ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالاَتِ رَبِّكَ
وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِىْ سَبِيْلِ رَبِّكَ وَ
صَدَعْتَ بِاَمْرِهٖ وَ احْتَمَلْتَ الْاَذٰى فِىْ جَنْبِهٖ وَ دَعَوْتَ
اِلٰى سَبِيْلِهٖ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ الْجَمِيْلَةِ وَ
اَدَّيْتَ الْحَقَّ الَّذِىْ كَانَ عَلَيْكَ وَ اَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ وَ عَبَدْتَ اللّٰهَ
مُخْلِصًا حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ فَبَلَغَ اللّٰهُ بِكَ اَشْرَفَ مَحَلِّ
الْمُكَرَّمِيْنَ وَ اَعْلٰى مَنَازِلِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ اَرْفَعَ دَرَجَاتِ
الْمُرْسَلِيْنَ حَيْثُ لاَ يَلْحَقُكَ لاَحِقٌ وَ لاَ يَفُوْقُكَ فَآئِقٌ وَ
لاَ يَسْبِقُكَ سَابِقٌ وَ لاَ يَطْمَعُ فِىْ اِدْرَاكِكَ طَامِعٌ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِىْ اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الْهَلَكَةِ وَ هَدَانَا بِكَ مِنَ
الضَّلاَلَةِ وَ نَوَّرَنَا بِكَ مِنَ الظُّلْمَةِ فَجَزَاكَ اللّٰهُ يَا رَسُوْلَ

٤٧

اللّٰهِ مِنْ مَبْعُوْثٍ اَفْضَلَ مَا جَازٰى نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَ رَسُوْلاً
عَمَّنْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ بِاَبِىْ اَنْتَ وَ اُمِّىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زُرْتُكَ
عَارِفًا بِحَقِّكَ مُقِرًّا بِفَضْلِكَ مُسْتَبْصِرًا بِضَلاَلَةِ مَنْ
خَالَفَكَ وَ خَالَفَ اَهْلَ بَيْتِكَ عَارِفًا بِالْهُدٰى الَّذِىْ اَنْتَ
عَلَيْهِ بِاَبِىْ اَنْتَ وَ اُمِّىْ وَ نَفْسِىْ وَ اَهْلِىْ وَ مَالِىْ وَ وَلَدِىْ
اَنَا اُصَلِّىْ عَلَيْكَ كَمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ صَلّٰى عَلَيْكَ
مَلاۤئِكَتُهٗ وَ اَنْبِيَآؤُهٗ وَ رُسُلُهٗ صَلٰوةً مُتَتَابِعَةً وَافِرَةً مُتَوَاصِلَةً
لاَ انْقِطَاعَ لَهَا وَ لاَ اَمَدَ وَ لاَ اَجَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيكَ وَ
عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ كَمَا اَنْتُمْ اَهْلُهٗ۔

*پھر اپنے ہاتھوں کو بلند کرے اور خضوع اور خشوع کے ساتھ کہے:*

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ جَوَامِعَ صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِىَ بَرَكَاتِكَ وَ
فَوَاضِلَ خَيْرَاتِكَ وَ شَرَآئِفَ تَحِيَّاتِكَ وَ تَسْلِيْمَاتِكَ وَ
كَرَامَاتِكَ وَ رَحَمَاتِكَ وَ صَلَوَاتِ مَلاۤئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ

٤٨

اَنۡبِيَآئِكَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ وَ اَئِمَّتِكَ الۡمُنۡتَجَبِيۡنَ وَ عِبَادِكَ
الصَّالِحِيۡنَ وَ اَهۡلِ السَّمٰوَاتِ وَ الۡاَرَضِيۡنَ وَ مَنۡ سَبَّحَ
لَكَ يَا رَبَّ الۡعَالَمِيۡنَ مِنَ الۡاَوَّلِيۡنَ وَ الۡاٰخِرِيۡنَ عَلٰى
مُحَمَّدٍ عَبۡدِكَ وَ رَسُوۡلِكَ وَ شَاهِدِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ نَذِيۡرِكَ وَ
اَمِيۡنِكَ وَ مَكِيۡنِكَ وَ نَجِيِّكَ وَ نَجِيۡبِكَ وَ حَبِيۡبِكَ وَ
خَلِيۡلِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ صَفۡوَتِكَ وَ خَآصَّتِكَ وَ خَالِصَتِكَ وَ
رَحۡمَتِكَ وَ خَيۡرِ خِيَرَتِكَ مِنۡ خَلۡقِكَ نَبِيِّ الرَّحۡمَةِ وَ خَازِنِ
الۡمَغۡفِرَةِ وَ قَآئِدِ الۡخَيۡرِ وَ الۡبَرَكَةِ وَ مُنۡقِذِ الۡعِبَادِ مِنَ
الۡهَلَكَةِ بِاِذۡنِكَ وَ دَاعِيۡهِمۡ اِلٰى دِيۡنِكَ الۡقَيِّمِ بِاَمۡرِكَ اَوَّلِ
النَّبِيِّيۡنَ مِيۡثَاقًا وَ اٰخِرِهِمۡ مَبۡعَثًا الَّذِىۡ غَمَسۡتَهٗ فِىۡ بَحۡرِ
الۡفَضِيۡلَةِ وَ الۡمَنۡزِلَةِ الۡجَلِيۡلَةِ وَ الدَّرَجَةِ الرَّفِيۡعَةِ وَ الۡمَرۡتَبَةِ
الۡخَطِيۡرَةِ وَ اَوۡدَعۡتَهُ الۡاَصۡلَابَ الۡطَّاهِرَةَ وَ نَقَلۡتَهٗ مِنۡهَا اِلَى
الۡاَرۡحَامِ الۡمُطَهَّرَةِ لُطۡفًا مِّنۡكَ لَهٗ وَ تَحَنُّناً مِّنۡكَ عَلَيۡهِ اِذۡ



وَكَّلۡتَ لِصَوۡنِهٖ وَ حِرَاسَتِهٖ وَ حِفۡظِهٖ وَ حِيَاطَتِهٖ مِنۡ
قُدۡرَتِكَ عَيۡنًا عَاصِمَةً حَجَبۡتَ بِهَا عَنۡهُ مَدَانِسَ الۡعَهۡرِ وَ
مَعَآئِبَ السِّفَاحِ حَتّٰى رَفَعۡتَ بِهٖ نَوَاظِرَ الۡعِبَادِ وَ اَحۡيَيۡتَ
بِهٖ مَيۡتَ الۡبِلَادِ بِاَنۡ كَشَفۡتَ عَنۡ نُوۡرِ وِلَادَتِهٖ ظُلَمَ الۡاَسۡتَارِ
وَ اَلۡبَسۡتَ حَرَمَكَ بِهٖ حُلَلَ الۡاَنۡوَارِ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا خَصَصۡتَهٗ
بِشَرَفِ هٰذِهِ الۡمَرۡتَبَةِ الۡكَرِيۡمَةِ وَ ذُخۡرِ هٰذِهِ الۡمَنۡقَبَةِ
الۡعَظِيۡمَةِ صَلِّ عَلَيۡهِ كَمَا وَفٰى بِعَهۡدِكَ وَ بَلَّغَ رِسَالَاتِكَ وَ
قَاتَلَ اَهۡلَ الۡجُحُوۡدِ عَلٰى تَوۡحِيۡدِكَ وَ قَطَعَ رَحِمَ الۡكُفۡرِ
فِىۡ اِعۡزَازِ دِيۡنِكَ وَ لَبِسَ ثَوۡبَ الۡبَلۡوٰى فِىۡ مُجَاهَدَةِ
اَعۡدَآئِكَ وَ اَوۡجَبۡتَ لَهٗ بِكُلِّ اَذًى مَسَّهٗ اَوۡ كَيۡدٍ اَحَسَّ بِهٖ
مِنَ الۡفِئَةِ الَّتِىۡ حَاوَلَتۡ قَتۡلَهٗ فَضِيۡلَةً تَفُوۡقُ الۡفَضَآئِلَ وَ
يَمۡلِكُ بِهَا الۡجَزِيۡلَ مِنۡ نَوَالِكَ وَ قَدۡ اَسَرَّ الۡحَسۡرَةَ وَ
اَخۡفَى الزَّفۡرَةَ وَ تَجَرَّعَ الۡغُصَّةَ وَ لَمۡ يَتَخَطَّ مَا مَثَّلَ لَهٗ

وَ حُيُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ صَلوٰةً تَرْضٰاهَا
لَهُمْ وَ بَلِّغْهُمْ مِنَّا تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَ سَلاَمًا وَ اٰتِنَا مِنْ لَدُنْكَ
فِيْ مُوَالاَتِهِمْ فَضْلاً وَ اِحْسَانًا وَ رَحْمَةً وَ غُفْرَانًا اِنَّكَ ذُو
الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔

*پھر بالائے سر کی طرف کھڑے ہو کر کہے:*

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ اَلسَّلاَمُ
عَلَيْكَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْاَوَّلِيْنَ وَ
الْاٰخِرِيْنَ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْقِيَامَةِ اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا
شَفِيْعَ الْقِيَامَةِ اَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ
وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَدَّيْتَ
الْاَمَانَةَ وَ نَصَحْتَ اُمَّتَكَ وَ جَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ رَبِّكَ
حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ
طِبْتَ حَيًّا وَ طِبْتَ مَيِّتًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَخِيْكَ



وَ وَصِيِّكَ وَ ابْنِ عَمِّكَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ عَلٰى ابْنَتِكَ
سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ وَ عَلٰى وَلَدَيْكَ الْحَسَنِ وَ
الْحُسَيْنِ اَفْضَلَ الصَّلاَةِ وَ السَّلاَمِ وَ اَطْيَبَ التَّحِيَّةِ وَ
اَطْهَرَ الصَّلوٰةِ وَ عَلَيْنَا مِنْكُمُ السَّلاَمُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ
بَرَكَاتُهٗ۔

*اس کے بعد ستون کے کنارے - جو قبر کی دائیں جانب اور زاویہ مرقد سے نزدیک ہے - روبقبلہ کھڑا ہو جائے - کہ بائیں بازو کی طرف قبر اور دائیں بازو کی طرف منبر قرار پائے - اور کہے:*

اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاَ شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ اَنَّكَ
مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالاَتِ
رَبِّكَ وَ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَ جَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ
عَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰى اَتٰيكَ الْيَقِيْنُ بِالْحِكْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ

الْـحَسَـنَـةِ وَ اَدَّيْـتَ الَّـذِىْ عَـلَيْكَ مِـنَ الْحَقِّ وَ اَنَّكَ قَدْ
رَؤُفْتَ بِـالْـمُـؤْمِنِيْنَ وَ غَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ فَبَلَّغَ اللّٰهُ
بِكَ اَفْـضَـلَ شَـرَفِ مَـحَـلِّ الْمُكَرَّمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ
اسْتَـنْـقَـذَنَـا بِكَ مِـنَ الشِّـرْكِ وَ الـضَّـلَالَـةِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ
صَـلَـوَاتِكَ وَ صَـلَـوَاتِ مَلَآئِـكَتِكَ الْـمُقَرَّبِيْنَ وَ اَنْبِيَآئِكَ
الْـمُـرْسَـلِيْـنَ وَ عِبَـادِكَ الـصَّالِحِيْنَ وَ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ
الْاَرَضِيْنَ وَ مَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَ
الْاٰخِرِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ نَبِيِّكَ وَ اَمِيْنِكَ
وَ نَـجِيِّكَ وَ حَبِيْبِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ خَآصَّتِكَ وَ صَفْوَتِكَ وَ
خِيَـرَتِكَ مِـنْ خَـلْـقِكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَ اٰتِهِ
الْـوَسِيْـلَـةَ مِـنَ الْـجَـنَّـةِ وَ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ بِهِ
الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْا
اَنْـفُسَهُـمْ جَـآؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ



لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَ اِنِّىْ اَتَيْتُكَ مُسْتَغْفِرًا تَآئِبًا مِنْ
ذُنُـوْبِـىْ وَ اِنِّىْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّىْ وَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِىْ
ذُنُوْبِىْ۔

*پھر قبر کے قریب جائے اور اس پر اپنے ہاتھ رکھ کر کہے:*

اَسْـئَـلُ الـلّٰـهَ الَّذِىْ اجْتَبٰيكَ وَ اخْتَارَكَ وَ هَدٰيكَ وَ هَدٰى
بِكَ اَنْ يُّصَلِّىَ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ۔

*اس کے بعد کہے:*

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلَآئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

*در حجرۂ شریف کی دیوار پر ہاتھ رکھ کر کہے:*

اَتَيْتُكَ يَـا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُهَاجِرًا اِلَيْكَ قَاضِيًا لِمَا اَوْجَبَهُ اللّٰهُ
عَـلَيَّ مِنْ قَصْدِكَ وَ اِذْ لَمْ اَلْحَقْكَ حَيًّا فَقَدْ قَصَدْتُكَ بَعْدَ
مَـوْتِكَ عَـالِـمًا اَنَّ حُرْمَتَكَ مَيِّتًا كَحُرْمَتِكَ حَيًّا فَكُنْ لِىْ

بِذَالِكَ عِنْدَ اللّٰهِ شَاهِدًا۔

پھر اپنا دایاں ہاتھ چہرہ پر پھرائے اور کہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذٰلِكَ بَيْعَةً مَرْضِيَّةً لَدَيْكَ وَ عَهْدًا مُؤَكَّدًا عِنْدَكَ تُحْيِنِيْ مَا اَحْيَيْتَنِيْ عَلَيْهِ وَ عَلَى الْوَفَآءِ بِشَرَائِطِهٖ وَ حُدُوْدِهٖ وَ حُقُوْقِهٖ وَ اَحْكَامِهٖ وَ تُمِيْتُنِيْ اِذَا اَمَتَّنِيْ عَلَيْهِ وَ تَبْعَثُنِيْ اِذَا بَعَثْتَنِيْ عَلَيْهِ۔

اُس وقت بالائے سر والے حصّہ پر کھڑے ہو کر اپنے والدین اور دوستوں کی طرف سے اس طرح زیارت پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مِنْ اَبِيْ وَ اُمِّيْ وَ وَلَدِيْ وَ خَاصَّتِيْ وَ جَمِيْعِ اَهْلِ بَلَدِيْ حُرِّهِمْ وَ عَبْدِهِمْ وَ اَبْيَضِهِمْ وَ اَسْوَدِهِمْ وَ مِنْ ......۔

(اُن لوگوں کے نام لے جن سے محبت رکھتا ہے)

پھر قبلہ کی سمت جائے اور قبرِ منوّر کی طرف رخ اور قبلہ کی طرف پشت کر کے کہے:



اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَ رَسُوْلَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صِفْوَةَ اللّٰهِ وَ خِيَرَتَهٗ مِنْ خَلْقِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ وَ حُجَّتَهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ وَ سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَشِيْرُ النَّذِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الدَّاعِيْ اِلَى اللّٰهِ وَ السِّرَاجُ الْمُنِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الَّذِيْنَ اَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَ طَهَّرْتَهُمْ تَطْهِيْرًا اَشْهَدُ اَنَّكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَيْتَ بِالْحَقِّ وَ قُلْتَ بِالصِّدْقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَفَّقَنِيْ لِلْاِيْمَانِ وَ التَّصْدِيْقِ وَ مَنَّ عَلَيَّ بِطَاعَتِكَ وَ اِتِّبَاعِ سَبِيْلِكَ وَ جَعَلَنِيْ مِنْ اُمَّتِكَ وَ الْمُجِيْبِيْنَ لِدَعْوَتِكَ وَ هَدَانِيْ اِلٰى مَعْرِفَتِكَ وَ مَعْرِفَةِ الْاَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ اَتَقَرَّبُ اِلَى اللّٰهِ بِمَا يُرْضِيْكَ وَ اَبْرَاُ اِلَى اللّٰهِ مِمَّا يُسْخِطُكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَآئِكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَآئِكَ جِئْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَائِرًا وَ

قَصَدْتُكَ رَاغِبًا مُتَوَسِّلاً اِلَى اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَ اَنْتَ صَاحِبُ الْوَسِيْلَةِ وَ الْمَنْزِلَةِ الْجَلِيْلَةِ وَ الشَّفَاعَةِ الْمَقْبُوْلَةِ وَ الدَّعْوَةِ الْمَسْمُوْعَةِ فَاشْفَعْ لِیْ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى فِیْ الْغُفْرَانِ وَ الرَّحْمَةِ وَ التَّوْفِيْقِ وَ الْعِصْمَةِ فَقَدْ غَمَرَتِ الذُّنُوْبُ وَ شَمَلَتِ الْعُيُوْبُ وَ اُثْقِلَ الظَّهْرُ وَ تَضَاعَفَ الْوِزْرُ وَ قَدْ اَخْبَرْتَنَا وَ خَبَرُكَ الصِّدْقُ اَنَّهٗ تَعَالٰى قَالَ وَ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَ لَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآئُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوْا اللّٰهَ تَوَّابًا رَحِيْمًا وَ قَدْ جِئْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُسْتَغْفِرًا مِنْ ذُنُوْبِیْ تَآئِبًا مِنْ مَعَاصِیَّ وَ سَيِّاٰتِیْ وَ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَ رَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاشْفَعْ لِیْ يَا شَفِيْعَ الْاُمَّةِ وَ اَجِرْنِیْ يَا نَبِیَّ الرَّحْمَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى آلِكَ الطَّاهِرِيْنَ۔



# مسجد نبویؐ کے بعض مستحبات

## روضۂ مبارکہ مسجد میں دعا

مسجد نبوی میں بہت زیادہ نماز پڑھے، کیونکہ اس مسجد میں ہر نماز کا ثواب ایک ہزار نمازوں کے برابر نمازی کے اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ مرقد و منبر کے درمیان نماز پڑھنا افضل ہے۔ رسولؐ سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

**’’میری قبر و منبر کے درمیان جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔‘‘**

یہ باغ طول میں قبر منوّر سے منبر تک اور عرض میں منبر سے چوتھے ستون تک ہے، مستحب ہے کہ اس میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ جَنَّتِكَ وَ شُعْبَةٌ مِّنْ شُعَبِ رَحْمَتِكَ الَّتِیْ ذَكَرَهَا رَسُوْلُكَ وَ اَبَانَ عَنْ فَضْلِهَا وَ شَرَفِ التَّعَبُّدِ لَكَ فِيْهَا فَقَدْ بَلَّغْتَنِيْهَا فِیْ سَلاَمَةِ نَفْسِیْ

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا سَيِّدِىْ عَلٰى عَظِيْمِ نِعْمَتِكَ عَلَىَّ فِىْ ذٰلِكَ وَ عَلٰى مَا رَزَقْتَنِيْهِ مِنْ طَاعَتِكَ وَ طَلَبِ مَرْضَاتِكَ وَ تَعْظِيْمِ حُرْمَةِ نَبِيِّكَ بِزِيَارَةِ قَبْرِهٖ وَ التَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ وَ التَّرَدُّدِ فِىْ مَشَاهِدِهٖ وَ مَوَافِقِهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا مَوْلاَىَ حَمْدًا يَنْتَظِمُ بِهٖ مَحَامِدُ حَمَلَةِ عَرْشِكَ وَ سُكَّانِ سَمٰوَاتِكَ لَكَ وَ يَقْصُرُ عَنْهُ حَمْدُ مَنْ مَضٰى وَ يَفْضُلُ حَمْدَ مَنْ بَقِىَ مِنْ خَلْقِكَ لَكَ وَ لَكَ الْحَمْدُ يَا مَوْلاَىَ حَمْدَ مَنْ عَرَفَ الْحَمْدَ لَكَ وَ التَّوْفِيْقَ لِلْحَمْدِ مِنْكَ حَمْدًا يَمْلَأُ مَا خَلَقْتَ وَ يَبْلُغُ حَيْثُ مَا اَرَدْتَ وَ لاَ يَحْجُبُ عَنْكَ وَ لاَ يَنْقَضِىْ دُوْنَكَ وَ يَبْلُغُ اَقْصٰى رِضَاكَ وَ لاَ يَبْلُغُ آخِرَهٗ اَوَائِلُ مَحَامِدِ خَلْقِكَ لَكَ وَ لَكَ الْحَمْدُ مَا عَرَفْتُ الْحَمْدَ وَ جُعِلَ ابْتِدَآءُ الْكَلاَمِ الْحَمْدُ يَا بَاقِىَ الْعِزِّ وَ الْعَظَمَةِ وَ دَائِمَ السُّلْطَانِ وَ الْقُدْرَةِ وَ شَدِيْدَ الْبَطْشِ وَ



الْقُوَّةِ وَ نَافِذَ الْاَمْرِ وَ الْاِرَادَةِ وَ وَاسِعَ الرَّحْمَةِ وَ الْمَغْفِرَةِ وَ رَبَّ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ كَمْ مِنْ نِعْمَةٍ لَكَ عَلَىَّ يَقْصُرُ عَنْ اَيْسَرِهَا حَمْدِىْ وَ لاَ يَبْلُغُ اَدْنَاهَا شُكْرِىْ وَ كَمْ مِنْ صَنَائِعَ مِنْكَ اِلَىَّ لاَ يُحِيْطُ بِكَثِيْرِهَا وَهْمِىْ وَ لاَ يُقَيِّدُهَا فِكْرِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى بَيْنَ الْبَرِيَّةِ طِفْلاً وَ خَيْرِهَا شَابًّا وَ كَهْلاً اَطْهَرِ الْمُطَهَّرِيْنَ شِيْمَةً وَ اَجْوَدِ الْمُسْتَمِرِّيْنَ دِيْمَةً وَ اَعْظَمِ الْخَلْقِ جُرْثُوْمَةً الَّذِىْ اَوْضَحْتَ بِهِ الدَّلاَلاَتِ وَ اَقَمْتَ بِهِ الرِّسَالاَتِ وَ خَتَمْتَ بِهِ النُّبُوَّاتِ وَ فَتَحْتَ بِهِ الْخَيْرَاتِ وَ اَظْهَرْتَهٗ مَظْهَرًا وَ ابْتَعَثْتَهٗ نَبِيًّا وَ هَادِيًا اَمِيْنًا مَهْدِيًّا وَ دَاعِيًا اِلَيْكَ وَ دَالاًّ عَلَيْكَ وَ حُجَّةً بَيْنَ يَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى الْمَعْصُوْمِيْنَ مِنْ عِتْرَتِهٖ وَ الطَّيِّبِيْنَ مِنْ اُسْرَتِهٖ وَ شَرِّفْ لَدَيْكَ بِهٖ مَنَازِلَهُمْ وَ عَظِّمْ عِنْدَكَ مَرَاتِبَهُمْ وَ اجْعَلْ فِى الرَّفِيْقِ

الْاَعْلٰی مَجَالِسَهُمْ وَ ارْفَعْ اِلٰی قُرْبِ رَسُوْلِكَ دَرَجَاتِهِمْ وَ تَمِّمْ بِلِقَآئِهٖ سُرُوْرَهُمْ وَ وَفِّرْ بِمَكَانِهٖ اُنْسَهُمْ۔

## ستون توبہ کے پاس نماز و دعا

ستونِ ابولبابہ— جو ستون توبہ کے نام سے مشہور ہے— کے پاس دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ لاَ تُهِنِّیْ بِالْفَقْرِ وَ لاَ تُذِلَّنِیْ بِالدَّیْنِ وَ لاَ تَرُدَّنِیْ اِلَی الْهَلَكَةِ وَ اَعْصِمْنِیْ كَیْ اَعْتَصِمَ وَ اَصْلِحْنِیْ كَیْ اَنْصَلِحَ وَ اهْدِنِیْ اَهْتَدِیَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلَی الْجِهَادِ نَفْسِیْ وَ لاَ تُعَذِّبْنِیْ بِسُوْءِ ظَنِّیْ وَ لاَ تُهْلِكْنِیْ وَ اَنْتَ رَجَآئِیْ وَ اَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَ قَدْ اَخْطَأْتُ وَ اَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَعْفُوَ عَنِّیْ وَ قَدْ اَقْرَرْتُ وَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ فَوَفِّقْنِیْ



لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی وَ یَسِّرْ لِیَ الْیَسِیْرَ وَ جَنِّبْنِیْ كُلَّ عَسِیْرٍ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِیْ بِالْحَلاَلِ عَنِ الْحَرَامِ وَ بِالطَّاعَاتِ عَنِ الْمَعَاصِیْ وَ بِالْغِنٰی عَنِ الْفَقْرِ وَ بِالْجَنَّةِ عَنِ النَّارِ وَ بِالْاَبْرَارِ عَنِ الْفُجَّارِ یَا مَنْ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ وَ اَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے انشاءاللہ مستجاب ہوگی۔

## مسجد نبویؐ و مدینۂ منورہ میں روزہ رکھنا مستحب ہے

مستحب ہے کہ حاجات پوری ہونے کے قصد سے مدینۂ منورہ میں تین دن تک روزہ رکھے، اگرچہ مسافر ہی ہو۔ بہتر ہے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے۔ نیز مستحب ہے کہ رات اور بدھ کے دن ستون ابولبابہ کے پاس نماز پڑھے اور جمعرات کی رات اور جمعرات کے دن اس کے مقابل والے ستون کے پاس نماز پڑھے۔ اور شب جمعہ اور جمعہ کے دن محراب رسولؐ کے پہلو میں واقع ستون کے قریب نماز پڑھے اور اپنی دنیوی و اُخروی حاجات کو خدا سے طلب کرے اور منجملہ دیگر دعاؤں کے اِس دعا کو پڑھے:

اَللّٰھُمَّ مَا کَانَتْ اِلَیْكَ مِنْ حَاجَةٍ شَرَعْتُ اَنَا فِیْ طَلَبِھَا اَوِ الْتِمَاسٍ اَوْ لَمْ اَشْرَعْ سَاَلْتُكَھَا اَوْ لَمْ اَسْاَلْکَھَا فَاِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ فِیْ قَضَآءِ حَوَآئِجِیْ صَغِیْرِھَا وَ کَبِیْرِھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَ قُوَّتِكَ وَ قُدْرَتِكَ وَ جَمِیْعِ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَ اَنْ تَفْعَلَ بِیْ کَذَا وَ کَذَا۔

'کَذَا وَ کَذَا' کی جگہ اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاءاللہ پوری ہوگی۔

## مقام جبرئیلؑ کے پاس نماز و دعا

